
https://ezreaderschoice.com/
Novels World
EZREADERSCHOICE
مومن کی چالاکی
کائنات آمنہ
Mubarra Graphics

# مومن کی چالاکی

## کائنات آمنہ

## شارٹ اسٹوری



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# مومن کی چالاکی کائنات آمنہ

بہار کا خوشگوار موسم اسکول پرنسپل کے کمرے میں آتے ہی حبس زدہ ماحول میں بدل چکا تھا۔

"ایم سوری مس نائمہ! مگر اب ہم مومن کو اپنے اسکول میں نہیں رکھ سکتے۔ ہم اس کا نام خارج کر رہے ہیں" پرنسپل نے کرخت لہجے میں اپنا فیصلہ سنایا۔

"لیکن ہوا کیا ہے؟ آپ میرے نواسے کے لئے اتنی بڑی سزا کیوں سنا رہی ہیں" نانی نے محبت سے دس سالہ نواسے کو خود سے لگاتے ہوئے استفسار کیا۔

"آج جو بھی ہوا ہے وہ آج تک ہمارے اسکول کے کسی بچے نے نہیں کیا ہے۔ مس نائمہ آپ کا نواسہ آج رنگے ہاتھوں چیٹنگ کرتے ہوئے پکڑا گیا ہے۔ شرٹ کے اندر ٹیپ سے چھوٹی چھوٹی پرچیاں چپکائی ہوئی تھی مومن نے اور تو اور اپنے سوال حل کرنے کے بعد دیدہ دلیری سے وہی پرچیاں اپنے دوست کو بھی چھپا کر دے رہا تھا کہ وہ بھی ان کی طرح اپنے ٹیچرز کو فریب دے کر اعلیٰ نمبر حاصل کر سکے" پرنسپل نے مومن کی چالاکی کا سارا کچا چٹھا کھول کر رکھ دیا تھا۔

"مومن یہ پرنسپل کیا کہہ رہی ہیں؟ آپ ایسا نہیں کر سکتے؟" نانی نے حیرت سے اپنے معصوم نواسے کو دیکھا۔

"تو کیا میں جھوٹ بول رہی ہوں مس نائمہ؟" پرنسپل نے ترخ کر پوچھا۔

"نہیں نہیں میرا یہ مطلب نہیں تھا" نانی نے ہچکچاتے ہوئے نفی کی۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# مومن کی چالاکی          کائنات آمنہ

"آپ کا جو بھی مطلب تھا مس نائمہ ! لیکن اب ہم مومن کو اپنے اسکول سے رسٹیکیٹ کر رہے ہیں۔آپ کو یہاں یہ بتانے کے لئے بلایا گیا ہے کہ بچوں کو صرف فرسٹ آنے کی ترغیب مت دیا کیجئے بلکہ ان کی تربیت پر بھی غور کیا کریں "پرنسپل آج بہت غصہ میں تھی۔

"میں مومن کی طرف سے آپ سے معافی مانگتی ہوں میم ! مگر پلیز اسے اسکول سے تو مت نکالئے۔بچہ ہے یہ، غلطی ہو گئی ہے اس سے "نانی نے شرمندگی سے معذرت کی۔

"آپ کے بچے کی یہ غلطی ہم برداشت نہیں کر سکتے اور پلیز اب آپ جا سکتی ہیں مجھے دوسرے کام بھی کرنے ہیں" پرنسپل سخت انداز میں کہتی سامنے رکھی فائلز کو کھول کر پڑھنے لگی۔نانی پرنسپل کا غصہ دیکھ کر شرمندہ سی وہاں سے نکل گئی۔مومن بھی ان کے ساتھ ہی تھا۔سارے راستے انہوں نے مومن سے کوئی بات نہیں کی مگر گھر پہنچتے ہی وہ آتش فشاں کی طرح پھٹ پڑی

"آپ ایسا کر کیسے سکتے ہیں مومن ؟آپ کی پرنسپل کہہ رہی تھی کہ میں آپ کی تربیت پر دھیان دو۔کیا میں آپ کی تربیت نہیں کر رہی ؟کیا میں نے کبھی آپ کو بتایا نہیں کہ چیٹنگ نہیں کرتے۔لوگوں کو دھوکا نہیں دیتے پھر آپ نے ایسا کیوں کیا؟"نانی پہ در پہ سوال کئے جا رہی تھی۔

"آپ کو پتہ ہے میری ریاضی اچھی نہیں ہے اور اسی مضمون میں کم نمبروں کی وجہ سے میں ہمیشہ سیکنڈ آتا تھا لیکن مجھے اس بار ہر حال میں فرسٹ آنا تھا اسی لیے میں نے۔۔۔۔"مومن وجہ بتانے کے بعد خاموش ہو گیا۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"اسی لئے نے آپ نے نفس کا سودا کر لیا اور اتنے گھاٹے کا سودا مومن؟ صرف چند نمبروں کے لئے آپ اللہ کو فریب دے رہے تھے؟" نانی نے شاک سے اسے دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"میں نے کب اللہ کو فریب دیا نانی؟" مومن نے ہیبت ناک لہجے میں استفسار کیا۔

"آپ کو نہیں پتہ اللہ تعالی ہر وقت ہمیں دیکھ رہے ہیں اس کے باوجود آپ نے چیٹنگ کر کے فرسٹ آنے کی کوشش کی۔اس کا یہی مطلب ہوا نا کہ آپ اللہ کو دھوکہ دینے کی کوشش کر رہے تھے مگر اصل میں آپ خود کو دھوکہ دے رہے ہو۔اللہ تعالی تو ان خیالات سے بھی واقف ہے جو آپ دل میں سوچتے ہیں پھر وہ کیسے آپکی اس چالاکی سے واقف نا ہوتا۔آپکو پتہ ہے مومن! میں نے آپکا نام مومن کیوں رکھا؟ کیونکہ میں چاہتی تھی آپ واقعی مومن بن جاؤ۔اب آپ سوچو گے کہ مومن کون ہوتا ہے؟ تو مومن وہ ہوتا ہے جو اللہ سے ڈرے۔جو تنہائی میں بھی اس خوف سے کوئی گناہ نا کریں کہ اللہ اسے دیکھ رہا ہے اور وہ روز محشر اللہ کے حضور اپنے اس اعمال کا کیا جواب دے گا۔آپ نے یہاں پوزیشن لینے کے لئے اپنی یوم آخرت کی پوزیشن خراب کر دی۔آج بھلے تمہاری ٹیچر تمہیں نا بھی پکڑتی اور تم فرسٹ آ بھی جاتے مگر سوچو تمہارا یہی رزلٹ کارڈ آخرت کے دن تمہارے گلے کا طوق بن جاتا۔اچھا ہوا مومن تم پکڑے گئے ہو اس واقعے سے سبق سیکھو میری جان! تاکہ دوبارہ تمہیں اور مجھے اس شرمندگی سے دوچار نا ہونا پڑے کیونکہ چند لوگوں کے سامنے تمہارے گناہ کا راز کھلا, تمہیں اور مجھے اتنی شرمندگی اٹھانی پڑی۔سوچو مومن حشر کے دن جب ایک عالم کے سامنے ہمارے گناہوں کا اعلان کیا جائے گا تب ہم کیسے

READERS CHOICE



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مومن کی چالاکی کائنات آمنہ


## اسلام علیکم

ہمارے ارد گرد بہت سے کردار ہیں جو کہ ایک لکھاری ہی جان سکتا ہے۔۔اگر آپ ایک لکھاری ہیں اور ان کرداروں کو لکھ رہے ہیں تو ریڈرز چوائس آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کر رہے ہیں جہاں آپ ان کہانیوں نہ صرف اچھے سے بیان کر سکیں گے بلکہ آپ کی صلاحیتوں کا لوہا بھی منوا سکتے ہیں۔ریڈرز چوائس کا حصہ بنئے اور اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے ہم کو اپنی تحریر (ناول،ناولٹ، افسانہ، کالم، مضامین، کوکنگ ریسپی) اردو میں لکھ کر ہم کو بھیجیں۔ہم آپ کی ان تحریروں کو ایک ہفتے کے اندر اپنے ویب بلاگز(ویب سائٹس)،سوشل میڈیا گروپس،اور پیجز پر پبلش کریں گے انشاءاللہ۔مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

Email Address: mobimalik83@gmail.com

READERS CHOICE

Facebook ID; https://web.facebook.com/mubarra1

Instagram; https://www.instagram.com/mobi8741/?hl=en

Facebook Groups; READERS CHOICE, NOVELS FOR YOU ALL IN ONE, REQUEST NOVEL ONLY READERS CHOICE

نظریں اٹھائیں گے؟ ہم کیا جواب دیں گے اپنے رب کو؟ یہی گناہ ہمیں جہنم کا ایندھن بنادیں گے۔ ہمیں ہمارے رب کے سامنے رسوا کردیں گے۔ تم نے آج مجھے بہت تکلیف پہنچائی ہے مومن! تمہاری پرنسپل کہہ رہی تھی کہ میں نے تمہاری تربیت ٹھیک نہیں کی۔ کیا واقعی ایسا ہے مومن؟" وہ دکھ سے پوچھتی اپنے کمرے کی طرف چل دی۔

نانی کو پہلی بار غصے میں دیکھ کر مومن کی چھوٹی بہنیں خاموشی سے لاؤنج کے بیرونی دروازے کے پیچھے چھپی چپکے چپکے جھانک رہی تھی۔ اسی وقت ایک موٹی سی سفید بلی جو ٹہلتے ہوئے لاؤنج کی طرف جارہی تھی ان چاروں کو دیکھتی رکی پھر سوچنے لگی

"ایسا کونسا ڈرامہ چل رہا ہے گھر میں جو یہ چاروں جنگلی بلیاں سر جوڑے دیکھ رہی ہیں؟ ضرور کچھ بہت مزیدار ہوگا تو پھر میں دیکھنے سے پیچھے کیوں رہوں۔" وہ بھی ان چاروں کے ساتھ سر لگائے بلکل ان کی طرح چھوٹی آنکھیں کئے ہلکا سا سر دروازے سے باہر نکالے جھانکنے لگی۔

نانی کے جاتے ہی مومن کے دائیں بائیں دو چوہے آکر کھڑے ہوگئے اور اس کی پینٹ کے پائنچے کھینچ کر اپنی طرف دھیان دلانے لگے۔ مومن ان دونوں کو دیکھتا گھٹنوں کے بل فرش پر بچھی نرم قالین پر بیٹھ گیا۔ پھر ان دونوں کو اپنے ہاتھوں پر اٹھالیا۔ مومن کی اداس شکل دیکھ کر ایک چوہا پوچھنے لگا

"مومن تم اتنے اداس کیوں ہو؟"



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"جان جگر آج میں نے بہت بڑی غلطی کر دی ہے۔میں نے نانی کو ناراض کر دیا ہے" وہ ان دونوں کو نام سے بلاتے ہوئے مخاطب ہوا۔

"اوہ! تم نے ایسا کیا کیا ہے؟" اس بار جگر نے پوچھا۔مومن نے انہیں ساری بات بتادی۔وہ اس کے بہترین دوست تھے۔ہمیشہ اس کی مدد کیا کرتے۔اسی لئے مومن نے ان سے کچھ نہیں چھپایا تھا۔

"تم نے بہت غلط کیا ہے مومن! ہمیں ہمیشہ محنت کر کے ہر چیز حاصل کرنی چاہیے" جان نے اسے مزید شرمندہ کیا۔

"ہاں ہاں بلکل! یہاں آنے سے پہلے میں بھی بہت محنت کیا کرتی تھی"

بلی دروازے کے پیچھے سے نمودار ہوتی شیخی بھگارنے لگی۔

"تم کیا محنت کرتی تھی آلسی بلی!" جگر نے اپنے نام کی طرح جگری کام کرتے ہوئے بلی سے پنگا لیا۔بلی کو خود کا آلسی کہا جانا ایک آنکھ نا بھایا اسی لئے وہ غصے میں جگر کو گھورتے ہوئے بولی

"میں تم جیسے چوہوں کو پکڑنے کے لئے محنت کرتی تھی۔پھر انہیں پکڑ کر کھا جاتی تھی۔افففف! بڑا مزہ آتا تھا۔" اس کی خوفناک بات سن کر جان مومن سے لپٹ گیا۔وہ بہت ڈرپوک تھا۔

"کیٹی! مت ڈراؤ انہیں" مومن نے اسے تنبیہ کی۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# مومن کی چالاکی          کائنات آمنہ

"میں کہاں ڈرا رہی ہوں؟ میں تو بس پیارے جگر کے سوال کا جواب دے رہی تھی" کیٹی نے آنکھیں پٹپٹاتے ہوئے بولی۔ مومن نے اسے دیکھ کر نفی میں سر ہلایا کہ یہ نہیں سدھرنے والی اور پھر جان کو پچکارنے لگا۔

" یخخخخخ! کیٹی تمہیں کتنی بار کہا ہے آوارہ چوہوں کو مت کھایا کرو ہم تمہیں دودھ پلاتے تو ہیں" مومن کی چھوٹی بہن انیسہ برا منہ بناتے لاؤنج میں داخل ہوئی۔ اس کے پیچھے باقی تینوں بھی آ گئیں۔ وہ چاروں ایک ساتھ پیدا ہوئی تھی اسی لئے سب کا قد ایک جتنا ہی تھا۔ ان چاروں کے نام تھے انیسہ، پریسہ، سکینہ اور علینہ۔

"مطلب آوارہ چوہوں کو نہیں کھا سکتی لیکن پالتوں چوہوں کو کھانے میں کوئی قباحت نہیں ہے" کیٹی پھر چالاکی دکھاتے بولی۔

"ہاں کھا سکتی ہوں لیکن اس کے بعد اس گھر اور اس گھر کی آسائشوں کو بھول جانا" مومن نے اسے صیحح والی دھمکی دی۔

"او پیارے مومن! میں تو مذاق کر رہی تھی" کیٹی نے کھسیانی ہنسی ہنستے ہوئے کہا۔

"بہت برا مذاق کرتی ہو تم جس پر کسی کو ہنسی نہیں آتی" جگر نے اس کی عزت آفزائی کی۔ لیکن اس بار کیٹی بس خاموشی سے اسے گھورتی رہی۔

"بھائی اب تم نانی کو کیسے مناؤ گے؟" پریسہ نے پریشان سی صورت بنائے پوچھا۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# مومن کی چالاکی کائنات آمنہ

"یہ تو مجھے بھی سمجھ نہیں آ رہا کہ ایسا کیا کروں کہ نانی مان جائے؟" مومن بھی سوچتے ہوئے بولا۔ "میں آئیڈیا دو؟" سکینہ نے چہکتے ہوئے استفسار کیا۔ مومن نے سر ہلایا تو وہ مزید جوش سے بولنے لگی

"ہم نانی کو پھولوں کا گلدستہ بنا کر دیتے ہیں۔ خوش رنگ خوشبودار پھولوں کو دیکھ کر نانی کا غصہ غائب ہو جائے گا۔

"ہاں اور نانی کے فیورٹ کپ کیکس بھی بناتے ہیں" علینہ نے بھی آئیڈیا دیا۔

"لیکن ہمیں کیکس بنانے تو آتے نہیں ہیں" انیسہ نے مسئلہ بتایا۔

"میں نے نانی کو دیکھا ہے وہ کسی کتاب سے پڑھ کر کیکس بناتی ہیں۔ ہم بھی اسی کتاب سے دیکھ کر بنا لیں گے" علینہ نے مسئلے کا حل بھی بتا دیا۔

"ہاں یہ ٹھیک ہے۔ تم چاروں ریسپی بک ڈھونڈو میں باغ سے پھول توڑ کر آتا ہوں" مومن جوش سے کہتا باہر چلا گیا۔ جان اور جگر بھی کیٹی کے ڈر سے اس کے پیچھے بھاگ گئے۔

پیچھے وہ چاروں بہنیں باورچی خانے میں گھسی کتاب ڈھونڈنے لگی۔ بہت محنت کے بعد انہیں کتاب اوپر شیلف میں رکھی نظر آ گئی لیکن چاروں میں سے کسی کا ہاتھ اس شیلف تک نہیں پہنچ سکتا تھا۔ سکینہ نے انہیں ایک پلین بتایا اور پھر وہ چاروں ایک دوسرے کے کندھے پر کھڑی ہو کر شیلف تک پہنچ گئی۔ کتاب اٹھانے کے بعد وہ ریسپی دیکھنے لگی۔ اتنے میں مومن بھی پھول لے کر آ گیا۔ پہلے ان سب نے مل کر پھولوں کا گلدستہ بنایا۔ نیلے، پیلے اور لال رنگ کے پھولوں سے ملا گلدستہ بے حد خوبصورت لگ رہا تھا۔ انیسہ نے پھولوں سے ایک گول سا تاج بنا کر کیٹی کے سر پر



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

سجادیا۔ سفید بلی تاج پہنتے اور پیاری لگنے لگی۔ کیٹی نے خود کو آئینے میں دیکھا اور اپنی تعریفوں کے پل باندھنے لگی

"میں تو بلکل کسی سلطنت کی شہزادی لگ رہی ہوں۔"

"یہ بھلا بلیوں کی سلطنت دنیا کے کس علاقے میں پائی جاتی ہے؟" جگر نے کیٹی کا مذاق اڑایا۔

"وہی جہاں تم جیسے بزدل چوہے چھپ کر رہتے ہیں" کیٹی دانت پیستے ہوئے بولی۔ اس سے پہلے جگر اسے پھر سے کوئی جواب دیتا مومن نے سب کو باورچی کھانے میں چلنے کا کہا۔

"کیک بنانے کے لئے ہمیں چاہئے انڈے، میدہ، چینی دودھ اور مکھن" مومن نے ریسپی بک پڑھ کر بتایا۔

"انڈے، دودھ اور مکھن فریج میں ہیں" پریسہ نے بتایا۔

"میدہ اوپر ڈبے میں رکھا ہے" انیسہ نے اوپر بنی شیلف کی طرف دیکھا۔ مومن نے فریج سے سارا سامان نکالا اور اوپر شیلف سے میدے کا ڈبہ نکالنے لگا لیکن اس سے پہلے وہ چاروں بہنیں پچھلا طریقہ اپناتے ہوئے ایک دوسرے کے کندھے پر چڑھ گئیں۔ شیلف سے ڈبہ نکالا لیکن اس کا وزن زیادہ ہونے کی وجہ سے ان چاروں کا بیلنس بگڑ گیا اور وہ نیچے گر گئیں۔ میدے کا ڈبہ بھی کھل کر ان پر الٹ گیا جس سے چاروں کے بال اور چہرے آٹے سے چھپ گئے۔ بس آنکھیں نظر آرہی تھی۔ مومن، کیٹی، جان اور جگر ان کی حالت دیکھ کر ہنستے ہنستے لوٹ پوٹ ہو گئے۔ بعد میں مومن نے اپنی ہنسی کنٹرول کرتے ہوئے ان کے چہرے صاف کئے۔

"مومن یہ تو بلکل سفید بھوتنیاں لگ رہی ہیں" جان نے ان کا تمسخر اڑایا۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

"تم دونوں تو ہمیشہ ہی لگتے ہو" انیسہ نے انہیں سنایا۔ "اچھا اچھا اب لڑو مت۔ ہمیں کیک بنانا ہے ابھی" مومن نے انہیں پرسکون کروایا۔ پھر سب مل کر کیک بنانے لگے۔ کیک بن گئے تو مومن اور سب مل کر نانی کے کمرے میں چلے گئے۔ مومن نانی کے پاس بیڈ پر بیٹھتا ہوا شرمندگی سے بولا

"ایم سوری نانی میں آئیندہ ایسا نہیں کرونگا اور ہمیشہ یادرکھوں گا کہ اللہ تعالی ہر وقت مجھے دیکھ رہے ہیں اور مجھے انہیں ناراض نہیں کرنا۔"

ان چاروں نے کیک اور گلدستہ نانی کو دیا اور بتایا کہ مومن بھائی نے آپ کو منانے کے لئے یہ سب کیا ہے۔ نانی ان کی محبت اور مومن کی شرمندگی دیکھ کر مان گئیں۔

******************************

ختم شد



READERS CHOICE
Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com